سوال

کھنکارنے سے نماز باطل نہیں ہوتی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک مسجد کے پڑوس میں رہتا ہوں اور ظہر عصر مغرب اور عشاء کی نمازیں اس مسجد میں ادا کرتا ہوں آج کل دیکھا گیا ہے کہ امام صاحب جب مغرب اور عشاء کی نمازیں پڑھا تے ہیں تو وہ نماز میں بہت کھنکارتے ہیں یعنی ایک رکعات میں کوئی تین مرتبہ کے قریب سوال یہ ہے کیا اس سے نماز باطل ہو جاتی ہے ؟ براہ کرم مطلع فرمایئے اللہ تعالی آپ کو جزا ئے خیر سے نوازے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس امام کے پیچھے نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں خواہ وہ کثرت سے کھنکارتا ہو کیونکہ اگر وہ ضرورت کی وجہ سے کھنکارا جائے تو اس سے نماز باطل نہیں ہوتی اور سوال میں جو صورت حا ل مذکور ہے ایسا عموماً ضرورت ہی کی وجہ سے ہوتا ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص408

محدث فتویٰ